Arabic Grammar
(Level-I)
قواعد العربية
(فصل-ا)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قواعد العربية

(فصل۔۱)

Arabic Grammar Course

(Level-I)

پیشکش:

Prepared by:

جناب وسیم اختر بلال قاسمی

Mr. Waseem Akhtar Bilal Qasmi

عربی گرامر کے چند ابتدائی قواعد کا مختصر تعارف

سنگ بنیاد

عربی گرامر کی دو شاخیں ہیں

نحو
(کنارہ)

ہر لفظ کے آخری کنارہ [حرف] کا اعراب جاننا

صرف
(الٹنا پلٹنا)

لفظ کے ہر حرف کو الٹ پلٹ کر تجزیہ کرنا

پہلا تعارف

لفظ کی تین قسمیں ہیں

اسم (Noun): ایسا معنی دار لفظ جسمیں کوئی زمانہ نہیں۔

فعل (Verb): ایسا معنی دار لفظ جسمیں زمانہ ہے۔

حرف (Preposition): بے معنی لفظ۔

اسم (Noun): اسکی تقریباً [بڑی] بارہ قسمیں ہیں۔
مذکر، مئونث، واحد، تثنیہ، جمع، علم، ضمیر، اشارہ، اضافی، توصیفی، مشتق، جامد

فعل (Verb): اسکی تقریباً [بڑی] تین قسمیں ہیں۔
ماضی، مضارع، امر

حرف (Preposition): یہ عموماً اسم پر زیر اور فعل پر جزم یا نصب [فتح] کر دیتا ہے۔

دوسرا تعارف

- علامت فعل ماضی (Past Tense): آخر میں: ت [کبھی کبھی 'و'، 'نا']
- علامت مضارع (Present / Future Tense): شروع میں: ت [کبھی 'ی'، 'ا'، 'ن']
- علامت امر (Imperative Tense): آخر میں: جزم [کبھی 'ن']
- علامت اسم (Noun): شروع میں: ال یا آخر میں 'تنوین' یا ان کی جانب اضافت
- علامت حرف (Preposition): کوئی نہیں [تجربہ آخری حرف پر جزم بتلاتا ہے]

تیسرا تعارف

- اسم کی ایک قسم: مذکر، مؤنث
- مذکر: عام لفظ [جس میں علامت مؤنث نہ ہو]

مثلاً: رجل، جدار، باب

- مؤنث: کی چند قسمیں ہیں۔

۱۔ لفظی، ۲۔ قیاسی، ۳۔۱۔ سماعی حقیقی، ۳۔۲۔ سماعی مجازی، ۴۔ وضعی

۱۔ مؤنث لفظی: کسی حرف کے آخر میں گول "ۃ" ہو۔

مثلاً: ملک سے ملکہ، حسن سے حسنہ

۲۔ مؤنث قیاسی:

- الف مقصورہ : مثلاً: حسنیٰ یا عظمیٰ
- الف ممدودہ: مثلاً: حمراء یا زہراء

۳۔ مؤنث سماعی:

- مؤنث سماعی حقیقی: [بغیر کسی علامت کے]

مثلاً: ام، عروس

- مؤنث سماعی مجازی:

جیسے: ملکوں کے نام مثلاً: مصر، الشام، الروم

اعضاء کے نام مثلاً: ید، رجل، اذن، عین، حروف تہجی

۴۔ مؤنث وضعی: لفظوں کے اعتبار سے گول "ۃ" مگر استعمال مذکر کا ہوتا ہے۔

مثلاً: علامه، خلیفه، طلحه

چوتھا تعارف

واحد، تثنیہ، جمع

ا۔ واحد: جس میں کسی ایک نام ایک جگہ یا ایک چیز کا اظہار ہو۔
جیسے: حامد، خالد، دار، باب، نافذۃ، مروحۃ، رجل، امرءۃ

۲۔ تثنیہ: دو چیزوں کا اظہار ہو۔

علامت تثنیہ: آخر میں 'ان' مکسورہ [فاعلی حالت میں] یا
ی [لین والی] ن مکسورہ [مفعولی حالت میں]
جیسے۔۔رجلان یا رجلین، جداران یا جدارین [مذکر]
مروحتان یا مروحتین، نافذتان یا نافذتین [مؤنث]

۳۔ جمع: جس میں تین یا اس سے زائد عدد کا اظہار ہو۔

جیسے: کراسی، مقاعد، ساجدون، ساجدات، وجوہات

جمع کی چند قسمیں ہیں۔

۱۔ جمع مذکر سالم، ۲۔ جمع مئونث سالم، ۳۔ جمع مکسر،

۴۔ جمع الجمع، ۵۔ جمع الوضع

۱۔ علامت جمع مذکر سالم: و ساکن ن مفتوحہ۔

[فاعلی حالت یعنی subject والی حالت میں]

ی [ساکن] ن مفتوحہ۔ [مفعولی حالت یعنی objective والی حالت میں چاہے مجرور ہو یا منصوب ہو]

مثلاً: التائبون [سورہ توبہ آیت نمبر ۱۱۲]

۲۔ جمع مؤنث سالم: جس میں تین یا اس سے زائد مؤنث ہوں۔ اور مؤنث سالم کا لفظ [وزن] برقرار رہے۔

جیسے جنة سے جنات، عابدہ سے عابدات، صالحه سے صالحات

علامت جمع مؤنث سالم:

'ات' مضمومہ [فاعلی حالت میں چاہے منصوبی اعراب ہو یا مجروری]

'ات' مکسورہ [مفعولی حالت میں چاہے منصوبی اعراب ہو یا مجروری]

مثلاً: حرمت علیکم امہاتکم، [سورہ نساء آیت نمبر۲۳]

پانچواں تعارف

- اسم کی ایک اصطلاحی قسم، معرفہ (Proper Noun)، اور نکرہ (Common Noun) ہے۔
- نکرہ (Common Noun): کسی جگہ، کسی شخص، یا کسی چیز کا ایک عام نام ۔
- علامت نکرہ: لفظ کے آخری حرف پر تنوین ہوگی۔

جیسے : اب، ام، اخ، باب، جنة، مِثقب

نوٹ: یہ نکرہ۔ مذکر، مؤنث، واحد، تثنیہ، جمع کچھ بھی ہو سکتا ہے۔ مگر شروع میں 'ال' نہیں آسکتا۔

معرفہ (Proper Noun)

- معرفہ کی دو بڑی قسمیں ہیں۔

۱۔ معرفہ مفرد ۲۔ معرفہ مرکب

۱۔ معرفہ مفرد کی چھ قسمیں ہیں۔

۱۔ معرف بالعلم، ۲۔ معرف باللام، ۳۔ معرف بالاشارہ،
۴۔ معرف بالضمیر، ۵۔ معرف بالندا ۶۔ معرف باسم الموصول

۲۔ معرفہ مرکب کی دو قسمیں ہیں۔

۱۔ مرکب توصیفی، ۲۔ مرکب اضافی

چھٹا تعاف

علم (Personal Noun)

- کسی خاص نام، خاص جگہ، یا خاص چیز کا اظہار۔

نوٹ۔ اگر یہ اسم مشتق ہے تو اسکے آخری حرف کا اعراب نحو کے اعتبار سے بدلتا رہے گا [جسے معرب کہتے ہیں] جیسے: وسیمٌ، رشیدٌ وغیرہ۔

- اگر اسم جامد ہے تو نہیں بدلے گا۔ [جسے مبنیٰ کہتے ہیں] جیسے: تاج محلُ، دمام، وغیرہ۔

[تجربہ کہتا ہے آخر میں جزم ہے تو مبنیٰ ورنہ معرب]

نوٹ: مزید مثالوں کے لئے دیکھیے 'تعلیم عربی' کا پہلا سبق۔

ساتواں تعارف

معرف باللام

- کسی بھی نکرہ لفظ کے شروع میں 'ال' لگاکر معرفہ بنایا جاسکتا ہے۔

جیسے۔ جدار سے الجدار [مذکر مفرد]

- باب سے البابان [مذکر تثنیہ]
- مقعد سے المقاعد [مذکر جمع]
- ساجدہ سے الساجدۃ [مفرد مؤنث]
- مروحۃ سے المروحتان [تثنیہ مؤنث]
- جنۃ سے الجنات [جمع مؤنث]

نوٹ: مزید مثالوں کے لئے دیکھیے 'تعلیم عربی' کا دوسرا سبق۔

آٹھواں تعارف

منادیٰ (معرف بالندا)

- جسکو حرف ندا کے ذریعہ پکارا جاتا ہے اسکو 'منادیٰ' کہا جاتا ہے ۔

حرف ندا بے شمار ہیں ۔ مثلاً: یا، ایہ، ایھا، ھا، ای

- منادیٰ اگر مفرد ہے تو ضمہ آئے گا ۔ جیسے: یا اللّٰہُ
- اگر مرکب اضافی ہے تو فتح آئے گا ۔ جیسے: یا عبدَ اللّٰہ

نواں تعارف

معرف باالضمیر (Pronoun)

- اصل نام کے بدلے استعمال ہوتی ہے۔

اسکی نو شاخیں ہیں۔

۱۔ ضمیر متصل
۲۔ ضمیر منفصل
۳۔ ضمیر مستتر
۴۔ ضمیر مضمر
۵۔ ضمیر بارز
۶۔ ضمیر مظہر
۷۔ ضمیر مرفوعی
۸۔ ضمیر منصوبی
۹۔ ضمیر مجروری

ضمیر متصل فاعلی۔ ضمیر منفصل مفعولی

ضمیر فاعلی [مرفوعی]	مفعولی [منصوبی]	مفعولی [مجروری]
هو	------------ه	ل---------ه
هما	----------هما	ل------هما
هم	-----------هم	ل--------هن
هی	-----------ها	ب-------ها
هما	------------هما	ب-------هما
هن	------------هن	ب--------هن

ضمیر فاعلی [مرفوعی]	مفعولی [منصوبی]	مفعولی [مجروری]
انت	ــــــــــــک	لــــــــــــک
انتما	ــــــــــــکما	لــــــــــــکما
انتم	ــــــــــــکم	لــــــــــــکم
انت	ــــــــــــک	لــــــــــــک
انتما	ــــــــــــکما	لــــــــــــکما
انتن	ــــــــــــکن	لــــــــــــکن
انا	ــــــــــــی	لــــــــــــی
نحن	ــــــــــــنا	لــــــــــــنا

دسواں تعارف

معرف بالاشارہ (Demonstrative pronoun)

- لفظ کے ذریعہ سے کسی نام، جگہ یا چیز پر قریب یا دوری کا اشارہ کیا جائے۔ اسکی دو بڑی شاخیں ہیں۔

۱۔ اشارہ قریب ۲۔ اشارہ بعید

[جسمیں مذکر۔ مؤنث۔ واحد۔ تثنیہ۔ جمع۔ کو شامل کر کے سات قسمیں بن سکتی ہیں] جو مندرجہ ذیل ہیں۔

معرف بالاشارہ

اسم اشارہ	قریب	بعید	مذکر	مؤنث	واحد	تثنیہ	جمع
هذا	✓		✓		✓		
هذه	✓			✓	✓		
هذان + هذين	✓		✓			✓	
هاتان + هاتين	✓			✓		✓	
هؤلاء	✓		✓	✓			✓
ذاک = ذالک		✓	✓		✓		
ذانک + ذینک		✓	✓			✓	

معرف بالا شارہ

اسم اشارہ	قریب	بعید	مذکر	مؤنث	واحد	تثنیہ	جمع
اولاء ولئک		✓	✓	✓			✓
تاک+تیک +تلک		✓		✓	✓		
تانک تینک		✓		✓		✓	

گیارواں تعارف

معرف باسم موصول (Relative pronoun)

- عام طور پر دو جملوں کو جوڑنے والا اسم۔
- اسکا خاکہ مندجہ ذیل ہے۔

معرف باسم موصول

اسم موصول	مذکر	مؤنث	واحد	تثنیہ	جمع
الذی	✓		✓		
الذان+الذین	✓			✓	
الذین	✓				✓
التی		✓	✓		
اللتان+ اللتین		✓		✓	
اللاتی		✓			✓

کورس میں تشریف لانے کا شکریہ

Thanks for attending the course